BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن مقامی ریسٹورینٹس اور بارز کو دوبارہ کھلنے کی اجازت ملنے پر معاشی بحالی میں مدد دینے کے لیے بیرونی جگہوں کو توسیع دینے کی اجازت دے گا

برامپٹن، آن (15 جون 2020) – پچھلے ہفتے، برامپٹن سٹی کونسل نے مقامی ریسٹورینٹس اور بارز کی معاونت کرنے کے لیے منصوبوں کی منظوری دے دی، جبکہ وہ اس وقت آخر کار دوبارہ کھلنے کی تیاری کر رہے ہیں، جب صوبے کی جانب سے اجازت ملے گی۔

ریجنل کونسلر پیٹ فورٹینی نے مقامی ریسٹورینٹس جیک ایسٹرز بار اینڈ گرِل اور آسکرز روڈ ہاؤس بار اینڈ گرِل کے ساتھ بات کرنے کے بعد کونسل کے سامنے ایک قرارداد پیش کی، جس میں درخواست کی گئی کہ کاروباری بحالی کو تیز کرنے کے لیے مقامی ریسٹورینٹس اور بارز کو بیرونی جگہوں میں توسیع کی اجازت دی جانی چاہیے۔اس قرارداد کی پوری کونسل کی جانب سے متفقہ طور پر منظور کر لی گئی۔

صوبے کی جانب سے کھانا کھانے کی بیرونی خدمات کے دوبارہ کھولنے کی اجازت مل جانے کے بعد، برامپٹن میں ریسٹورینٹس اور بارز کو باہر بیٹھنے کی زیادہ جگہ دینے کے لیے انہیں اپنی بیرونی جگہوں کو سائیڈ واکس اور نجی پارکنگ کی جگہوں پر توسیع دینے کی اجازت ہو گی۔موجودہ طور پر، اونٹاریو حکومت نے ریجن آف پیل میں ریسٹورینٹس، بارز اور دیگر کاروباروں کو دوبارہ کھلنے کی اجازت نہیں دی ہوئی۔

مقامی ریسٹورینٹس اور چھوٹے کاروباروں کو اپنی بحالی میں مدد دینے کے لیے بیرونی جگہ اور سائیڈ واک پر پرمٹ کی فیسیں بھی 2020 کے لیے چھوڑ دی جائیں گی۔

جبکہ سٹی میں معمولات زندگی کو بحفاظت اور بتدریج دوبارہ کھولنے کی منصوبہ بندی جاری ہے، کونسل اور عملہ پبلک ہیلتھ کی رہنما ہدایات اور جسمانی فاصلہ بندی کے قواعد پر عمل کرتے ہوئے کم خطرے کے ساتھ کاروبار چلانے کے طریقوں کی تلاش کے لیے ریسٹورینٹس اور کاروباروں کے ساتھ مل کر کام جاری رکھے گا۔

**معاشی بحالی کی حکمت عملی**

مقامی کاروبار برامپٹن کی معیشت میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔پچھلے مہینے، برامپٹن سٹی کونسل نے برامپٹن کی معاشی بحالی کی حکمت عملی کو منظور کیا، جس میں چھوٹے کاروباروں، ریسٹورینٹس اور سیاحت کی مدد کے لیے اقدامات شامل ہیں۔اس کے حصے کے طور پر، سٹی نے "سپورٹ لوکل" مہم کا آغاز کیا، جو رہائشیوں کی کووِڈ-19 کے دوران اور اس کے بعد مقامی چیزیں دیکھنے، منتخب کرنے اور خریدنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

**اقتباسات**

"ہم اپنے مقامی کاروباروں کے ساتھ مل کر مددگار حل تلاش کرنے کے لیے پرعزم ہیں، جبکہ وہ بحفاظت دوبارہ کھلنے کے لیے ضروری تبدیلیاں کر رہے ہیں۔میرا خاندان ہر ٹیک آؤٹ ویڈنیسڈے پر ہمارے مقامی ریسٹورینٹس سے لطف اندوز ہوتا رہا ہے اور میں ایک مرتبہ اجازت ملنے اور محفوظ ہونے پر باہر بیٹھ کر کھانا کھانے اور مقامی چیزوں کی حمایت کرنا جاری رکھنے کے لیے پر امید ہوں۔"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

The Corporation of The City of Brampton
2 Wellington Street West, Brampton, ON L6Y 4R2 311 TTY: 905.874.2130

"ہم نے اپنے مقامی ریسٹورینٹس سے بلا واسطہ سنا ہے کہ وہ کووِڈ-19 کی وجہ سے کتنی بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔جبکہ ہمارے بتدریج دوبارہ کھلنے پر کام جاری ہے، ہم اپنے مقامی کاروباروں کی مکمل اور محفوظ بحالی میں معاونت کرنے کے لیے تمام طریقوں کو دیکھ رہے ہیں۔"
*- گرپیت ڈھلون، ریجنل کونسلر وارڈز 9 اور 10؛ چیئر، اکنامک ڈیولپمنٹ اینڈ کلچر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن کے چھوٹے کاروباروں کی بہبود ہمارے لیے اولین ترجیح ہے۔کاروباروں کو ابھی سے ہی اپنی بیرونی جگہوں میں ان تبدیلیوں کی منصوبہ بندی کرنے کے قابل بنانے سے اس بات کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ جب ہمیں صوبے اور پیل پبلک ہیلتھ کی جانب سے اجازت ملے، تو وہ تیار ہوں۔"
*- پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ وائس چیئر، اکنامک ڈیولپمنٹ اینڈ کلچر، سٹی آف برامپٹن*

"ہمارے عملے کونسل نے ہمارے مقامی کاروباروں اور اہم فریقین کی ضروریات کو سنا ہے اور ہم جہاں ممکن ہو، انہیں دوبارہ کھلنے میں مدد دینے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔ایک شہر کے طور پر، ہمارا کردار سٹی کی کمیونٹی کی مجموعی بحالی اور حفاظت میں مدد کرنی ہے اور میں جانتا ہوں کہ بیرونی جگہوں کی توسیع بالکل یہی کام کرے گی۔"
*- ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

"اونٹاریو ریسٹورینٹ ہوٹل اینڈ موٹیل ایسوسیئیشن بیرونی جگہوں کو کھولنے اور ان جگہوں کی توسیع کے لیے قرارداد منظور کرنے کے لیے سٹی آف برامپٹن کو سراہتی ہے۔ریسٹورینٹس کو نقصان پہنچ رہا تھا اور یہ ان کے مزیدار کھانوں کے لیے ان کے کاروباروں پر آنے کے لیے  گاہکوں میں اعتماد پیدا کرنے کی جانب ایک بتدریج بڑھوتری کو ممکن بناتی ہے۔"
*- ٹونی الینس، صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر، اونٹاریو ریسٹورینٹ ہوٹل اینڈ موٹیل ایسوسیئیشن (ORHMA)*

"ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن میں ایک بہت پرانے قائم شدہ اور مشہور کاروبار کے طور پر، ہم اپنی کمیونٹی اور سٹی کی جانب سے اس مشکل وقت میں معاونت کے لیے بے حد مشکور ہیں۔سٹی کی جانب سے اعلان کردہ یہ تبدیلیاں ہمیں دوبارہ کھلنے کی اجازت ملنے پر اپنے قیمتی اور یاد آنے والے گاہکوں کی زیادہ تعداد کو محفوظ ترین ممکن طریقے سے جگہ دینے کے قابل بنائیں گی۔میں اس وقت تمام لوگوں کو اپنی بیرونی جگہوں پر دیکھنے کے لیے پر امید ہوں، جب ایسا کرنا محفوظ ہو جائے۔"
*- سبینا کولٹر، مالک، فینزوریلیز ریسٹورینٹ اینڈ وائین بار*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔**ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426|Monika.Duggal@brampton.ca